اعلامیہ

ادارہ ثقافتِ اسلامیہ، لاہور کا علمی جریدہ "ثقافت" کے نام سے جنوری ۱۹۵۵ء میں جاری ہوا تھا۔ دسمبر ۱۹۶۷ء تک یہ ہر ماہ مسلسل چھپتا رہا۔ جنوری۔فروری ۱۹۶۸ء میں اس کا نام بدل کر "ثقافت" کے بجائے "المعارف" رکھ دیا گیا۔ اس نام سے یہ جریدہ ستمبر ۱۹۸۴ء تک ماہ بماہ باقاعدگی سے شائع ہوا۔

دسمبر ۱۹۸۴ء میں بعض انتظامی تبدیلیوں کی وجہ سے "المعارف" کے ماہانہ کے بجائے خصوصی شمارے شائع ہونا شروع ہوئے اور ۱۹۸۸ء تک اس کے آٹھ خصوصی شمارے شائع ہوئے۔ ۱۹۸۹ء اور ۱۹۹۰ء میں بعض ناگزیر وجوہ کی بنا پر "المعارف" کا کوئی خصوصی شمارہ نہ چھپ سکا۔

اب "المعارف" کا خصوصی شمارہ ۱۰، ۱۹۹۱ء میں پیش کیا جا رہا ہے۔ یہ شمارہ جلد ۲۴ کے شمارہ ۴ تا ۶ پر محیط ہے۔ اس کے بعد "المعارف" انشاء اللہ انہی خصوصی شماروں کی صورت میں باقاعدگی سے چھپتا رہے گا۔

(ادارہ)